روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 15/اگست 2008ء 12 شعبان 1429 ہجری 15 ظہور 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 186

بدظنی سے بچو

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

بدظنی سے بچو کیونکہ بدظنی سب سے بڑا جھوٹ ہے۔

(بخاری کتاب الادب باب ماینہٰی عن التحاسد حدیث نمبر 5606)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یادرکھو جو شخص سختی کرتا اور غضب میں آجاتا ہے اس کی زبان سے معارف اور حکمت کی باتیں ہرگز نہیں نکل سکتیں۔ وہ دل حکمت کی باتوں سے محروم کیا جاتا ہے جو اپنے مقابل کے سامنے جلدی طیش میں آکر آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔ گندہ دہن اور بے لگام کے ہونٹ لطائف کے چشمہ سے بے نصیب اور محروم کئے جاتے ہیں۔ غضب اور حکمت دونو جمع نہیں ہو سکتے جو مغلوب الغضب ہوتا ہے اس کی عقل موٹی اور فہم کند ہوتا ہے۔ اس کو کبھی کسی میدان میں غلبہ اور نصرت نہیں دیئے جاتے۔ غضب نصف جنون ہے جب یہ زیادہ بھڑکتا ہے تو پورا جنون ہو سکتا ہے۔

ہماری جماعت کو چاہئے کل ناکردنی افعال سے دور رہا کریں۔ وہ شاخ جو اپنے تنے اور درخت سے سچا تعلق نہیں رکھتی وہ بے پھل رہ جاتی ہے۔ سو دیکھو اگر تم لوگ ہمارے اصل مقصد کو نہ سمجھو گے اور شرائط پر کاربند نہ ہو گے تو ان وعدوں کے وارث تم کیسے بن سکتے ہو جو خدا تعالیٰ نے ہمیں دیئے ہیں۔

جسے نصیحت کرنی ہو اسے زبان سے کرو۔ ایک ہی بات ہوتی ہے وہ ایک پیرایہ میں ادا کرنے سے ایک شخص کو دشمن بنا سکتی ہے اور دوسرے پیرایہ میں دوست بنا دیتی ہے۔ پس (۔) (النحل:126) کے موافق اپنا عمل درآمد رکھو۔ اسی طرز کلام ہی کا نام خدا نے حکمت رکھا ہے۔ (۔) مگر یادرکھو جیسی یہ باتیں حرام ہیں ویسے ہی نفاق بھی حرام ہے۔ اس بات کا بھی خیال رکھنا کہ کہیں پیرایہ ایسا نہ ہو جاوے کہ اس کا رنگ نفاق سے مشابہ ہو۔ موقعہ کے موافق ایسی کارروائی کرو جس سے اصلاح ہوتی ہو۔ تمہاری نرمی ایسی نہ ہو کہ نفاق بن جاوے اور تمہارا غضب ایسا نہ ہو کہ بارود کی طرح جب آگ لگے تو ختم ہونے میں ہی نہیں آتی۔ بعض لوگ تو غصہ سے سودائی ہو جاتے ہیں اور اپنے ہی سر میں پتھر مار لیتے ہیں۔ اگر ہمیں کوئی گالی دیتا ہے تب بھی صبر کرو۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب کسی کے پیرومرشد کو گالیاں دی جاویں یا اس کے رسول کو ہتک آمیز کلمے کہے جاویں تو کیسا جوش ہوتا ہے مگر تم صبر کرو اور حلم سے کلام کرو۔

ایسا نہ ہو کہ تمہارا اس وقت کا غصہ کوئی خرابی پیدا کر دے جس سے سارا سلسلہ بدنام ہو یا کوئی مقدمہ بنے جس سے سب کو تشویش ہو۔ سب نبیوں کو گالیاں دی گئی ہیں۔ یہ انبیاء کا ورثہ ہے۔ ہم اس سے کیونکر محروم رہ سکتے تھے۔ ایسے بن جاؤ کہ گویا مسلوب الغضب ہو تم کو گویا غضب کے قویٰ ہی نہیں دیئے گئے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 104)

احمدی ڈاکٹرز کو وقف کی تحریک

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ سالانہ یوکے 2008ء کے موقع پر اپنے دوسرے روز کے خطاب میں احمدی سپیشلسٹ ڈاکٹر صاحبان کو مجلس نصرت جہاں کے تحت اپنی خدمات وقف کرنے کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا:۔

”میں ڈاکٹر صاحبان کو پیغام بھی پہنچانا چاہتا ہوں۔ بلکہ تحریک کرنا چاہتا ہوں کہ جو سپیشلسٹ ڈاکٹرز ہیں، ان کی نصرت جہاں کے ہسپتالوں میں ضرورت ہے اور مختلف ممالک سے مطالبہ آتا رہتا ہے اگر امریکہ برطانیہ یا پاکستان، دوسری جگہوں سے ڈاکٹرز اس کام میں شامل ہوں۔ چاہے وہ عارضی وقف کیلئے جائیں، چند دن وقف کریں، ایک ماہ کیلئے یا چند ہفتے کیلئے، اس کا بھی بڑا فائدہ ہوتا ہے۔ تو اس لحاظ سے بھی سپیشلسٹ ڈاکٹرز جو ہیں وہ اپنے اپنے کوائف اگر بھجوائیں مرکز کو، اس کے مطابق ان کا پروگرام بنایا جاسکتا ہے۔“

ایسے مخلصین سپیشلسٹ جن کو اللہ تعالیٰ حضور انور کے اس ارشاد پر لبیک کہنے کی سعادت عطا فرمائے ان سے درخواست ہے کہ اپنے کوائف درج ذیل ایڈریس پر بھجوا کر ممنون فرمائیں۔

مجلس نصرت جہاں بیت الاظہار، احاطہ دفاتر
صدر انجمن احمدیہ ربوہ فون: 47-6212967
ای میل: majlis.nusrat.jahan@gmail.com

(سیکرٹری مجلس نصرت جہاں ربوہ)

دوسرا یوم تحریک جدید

10/اکتوبر 2008ء

امراء کرام و صدر صاحبان جماعت احمدیہ کی خدمت میں گزارش ہے کہ سال رواں کا دوسرا ”یوم تحریک جدید“ 10/اکتوبر 2008ء بروز جمعۃ المبارک منانے کا اہتمام فرمائیں۔ جس میں مطالبات تحریک جدید پر خصوصی توجہ دلائی جائے اور اس کی رپورٹ سے وکالت دیوان کو مطلع فرمائیں۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل وجواہر (نمبر 496)

احادیث النبیؐ کا نایاب اور گم گشتہ خزانہ

مندرجہ ذیل روح پرور احادیث رسول عربی (ﷺ) سے حضرت سلطان العارفین سلطان محمد باہو (1630ء۔ 31 جنوری 1691ء) نے اپنی کتاب ’’روح انظار‘‘ کو زینت بخشی ہے۔

عربی متن کے لئے اصل کتاب کا مطالعہ کیجئے یہاں صرف اس کے ترجمہ پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

پہلی حدیث ایک ساعت کی سوچ بچار دونوں جہانوں کی عبادت سے بڑھ کر ہے۔

دوسری حدیث علم دو ہی ہیں ایک علم معاملہ اور دوسرا علم مکاشفہ۔

تیسری حدیث فقراء کی زبان اللہ کی تلوار ہوتی ہے۔

چوتھی حدیث اے اللہ تو مجھے مظلوم بنا نہ کہ ظالم۔

پانچویں حدیث اے اللہ تو مجھے مسکینی کی حالت میں زندہ رکھ، مسکینی کی حالت میں وفات دے اور زمرہ مساکین ہی میں میرا حشر کر۔

چھٹی حدیث جاہلوں کے پاس حکمت کی باتیں نہ کیا کرو۔

ساتویں حدیث جس نے اپنے رب کا عرفان حاصل کر لیا اس کی زبان خاموش ہو جاتی ہے۔

آٹھویں حدیث خاموشی اسلام کا سر ہے۔

نویں حدیث خاموشی مومن کا تاج ہے۔ جو خاموش رہا وہ سلامت رہا جو سلامت رہا وہ بچ گیا۔

دسویں حدیث یقیناً میرے اولیاء میری قبا کے نیچے ہیں اور میرے سوا انہیں کوئی نہیں پہچانتا۔

گیارہویں حدیث۔ میں حلیم کے غضب سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں۔

بارہویں حدیث (ربانی) علماء میرے سینے سے سادات میری پشت سے اور فقراء نور الٰہی سے پیدا کئے گئے ہیں۔

تیرہویں حدیث اللہ تعالیٰ نے تمام اشیاء کو تو زمین سے مگر فقراء کو جنت کی مٹی سے پیدا کیا۔

چودہویں حدیث دنیا و عقبیٰ تمہاری مجھے مولیٰ کافی ہے۔

پندرہویں حدیث اگر مشتاقوں کو خدا کے جمال کے بغیر جنت حاصل ہو تو سخت افسوس اور بدقسمتی ہے اور اگر اس کا حسن دوزخ میں ملے تو بڑی خوش قسمتی ہے۔

سولہویں حدیث حیوان اور انسان میں صرف علم کا فرق ہے۔

سترہویں حدیث جو دنیا چاہتا ہے اسے دنیا اور جو عاقبت کا طالب ہے اسے عاقبت مل جاتی ہے لیکن جو مولیٰ کا ارادہ کرتا ہے اسے سب کچھ حاصل ہو جاتا ہے۔

اٹھارویں حدیث دنیا کمان ہے اس کے تیر حادثات اور نشانہ انسان۔ پس اللہ کی طرف دوڑو۔

آسمانی افواج کے ذریعہ خلافت احمدیہ کا استحکام

حضرت مصلح موعود نے فرمایا:۔

’’گجرات کے دوستوں نے سنایا کہ جب حضرت مسیح موعود فوت ہوئے تو اہل حدیث مولوی نے ہمیں کہا اب تم لوگ قابو آئے ہو کیونکہ............تم میں خلافت نہیں ہوگی تم لوگ انگریزی دان ہو اس لئے خلافت کی طرف تم نہیں جاؤ گے۔ وہ دوست بتاتے ہیں کہ دوسرے دن تار موصول ہوئی کہ جماعت نے حضرت مولوی نورالدین صاحب کی بیعت کر لی ہے اور ان کو اپنا خلیفہ بنا لیا ہے۔ جب احمدیوں نے اس مولوی کو بتایا تو کہنے لگا نورالدین بڑا پڑھا لکھا آدمی تھا اس لئے اس نے جماعت میں خلافت قائم کر دی اگر اس کے بعد خلافت رہی تو پھر دیکھیں گے۔ جب حضرت خلیفہ اول فوت ہوئے تو کہنے لگا کہ اس وقت اور بات تھی اب کوئی خلیفہ بنے گا تو دیکھیں گے۔ دوست بتاتے ہیں کہ اگلے دن تار پہنچ گئی کہ جماعت نے میرے ہاتھ پر بیعت کر لی ہے۔ اس پر کہنے لگا یارو تم بڑے عجیب ہو، تمہارا کوئی پتہ نہیں لگتا۔‘‘

(خطبات محمود جلد 17 ص 242)

درخواست دعا

۞ مکرم صفوان احمد ملک صاحب نمائندہ روزنامہ الفضل تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی نانی جان ان دنوں شدید علیل ہیں اور فضل عمر ہسپتال میں انتہائی نگہداشت وارڈ میں زیر علاج ہیں۔ احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے ان کو شفائے کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

پانی ضائع مت کریں

33ویں جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ جرمنی کے پروگرام

جماعت ہائے احمدیہ جرمنی کا جلسہ سالانہ مورخہ 22 تا 24۔ اگست 2008ء کو منعقد ہو رہا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بنفس نفیس اس جلسہ میں رونق افروز ہوں گے۔ احمدیہ ٹیلی ویژن اس موقع پر جلسہ سالانہ جرمنی کے Live پروگرام ٹیلی کاسٹ کرے گا۔ ان کے علاوہ بعض دیگر ریکارڈنگز بھی نشر کی جائیں گی۔ تفصیل حسب ذیل ہے۔

جمعۃ المبارک 22۔ اگست 2008ء

پاکستانی وقت	پروگرام
5:00 بجے سہ پہر	براہ راست نشریات کا آغاز
5:50 بجے سہ پہر	پرچم کشائی
6:00 بجے سہ پہر	**خطبہ جمعہ حضور انور براہ راست**
7:00 بجے شام	جلسہ سالانہ جرمنی کے مختلف پروگرام (براہ راست)
9:00 بجے رات	تلاوت قرآن کریم و ترجمہ اور نظم
9:20 بجے رات	’’منصب خلافت‘‘ مقرر: مکرم سید محمود احمد شاہ صاحب (اردو)
10:10 بجے رات	’’خلفائے احمدیت کی قبولیت دعا کے واقعات‘‘ مقرر: مکرم محمد الیاس منیر صاحب (اردو)
10:40 بجے رات	اہم شخصیات کے تاثرات
11:15 بجے رات	جلسہ سالانہ جرمنی کے مختلف پروگرام

ہفتہ 23۔ اگست 2008ء

1:30 بجے دوپہر	جلسہ سالانہ جرمنی کے مختلف پروگرام
2:00 بجے دوپہر	تلاوت قرآن کریم و ترجمہ اور نظم
2:30 بجے دوپہر	’’خلفائے راشدین، سیرت و کارنامے‘‘ مقرر: مکرم شاہد احمد بٹ صاحب (اردو)
3:00 بجے دوپہر	نظم ترانہ۔ تقاریر نمائندگان ہمسایہ ملک
3:30 بجے دوپہر	’’خلافت احمدیہ کے مخالف تحریکات اور ان کا انجام‘‘ مقرر: مکرم ڈاکٹر عبدالغفار صاحب (اردو)
4:00 بجے سہ پہر	**حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خواتین سے خطاب**
6:00 بجے سہ پہر	جلسہ سالانہ جرمنی کے مختلف پروگرام (بشمول خلفائے احمدیت کے دورہ جرمنی کے بارہ میں دستاویزی پروگرام)
9:30 بجے رات	تیسرے اجلاس کی کارروائی۔ تلاوت قرآن کریم اور نظم
9-50 بجے رات	’’نظام نو اور وصیت‘‘ مقرر: مکرم حیدر علی ظفر صاحب
10-20 بجے رات	مختلف مہمانوں کی تقاریر
11:00 بجے رات	’’نظام خلافت اور ہماری ذمہ داریاں‘‘ مقرر: مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب (جرمن)
11-15 بجے رات	جلسہ سالانہ جرمنی کے مختلف پروگرام

اتوار 24۔ اگست 2008ء

2:00 بجے دوپہر	چوتھے اجلاس کی کارروائی۔ تلاوت قرآن کریم اور نظم
2:20 بجے دوپہر	’’خلفائے احمدیت اور جماعت کا باہمی تعلق‘‘ مقرر: مکرم شمشاد احمد قمر صاحب (اردو)
3:00 بجے دوپہر	’’خلفائے احمدیت کے سفر‘‘ مقرر: مکرم مسعود احمد خان صاحب دہلوی (اردو)
3:30 بجے دوپہر	مختلف مہمانوں کے تاثرات
4:00 بجے سہ دوپہر	’’عالمی فیضان خلافت‘‘ مقرر: مکرم ہدایت اللہ ہیوبش صاحب (جرمن)
4:30 بجے سہ پہر	جلسہ سالانہ جرمنی کے مختلف پروگرام
8:00 بجے شام	آخری اجلاس۔ تلاوت قرآن کریم اور نظم
9:00 بجے رات	**اختتامی خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز**
10:30 بجے رات	جلسہ سالانہ جرمنی کے مختلف پروگرام

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم بشیر الدین کمال صاحب

حضرت مسیح موعود کا اپنی اولاد کے حق میں قبولیت دعا کا نشان

اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کی اولاد کو دعا کے نتیجہ میں دین و دنیا کی حسنات سے نوازا ہے

دعا کے معنے پکارنے کے ہیں۔ بچہ جب پیدا ہوتا ہے۔ تو پیدا ہوتے ہی چیخنا چلانا شروع کر دیتا ہے۔ جب اس کی ماں اس کی چیخ و پکار سنتی ہے اور اس کو دودھ دیتی ہے تو وہ خاموش ہو جاتا ہے۔ بچے کی چیخ و پکار ماں کو دودھ دینے پر مجبور کرتی ہے بلکہ یہی چیخ و پکار دودھ کے اترنے کا موجب بنتی ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ضرورت کے وقت مدد کے لئے پکارنا اللہ تعالیٰ نے انسان کی فطرت میں پیدائش کے ساتھ ہی رکھا ہے اور وہ مدد کے لئے ایک طاقتور ہستی کو پکارتا ہے۔ اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ ایک آدمی تکلیف کی صورت میں دوسرے آدمی کو مدد کے لئے پکارتا ہے اور اس سے مدد حاصل کرتا ہے اور ایسا عملاً دنیا میں ہوتا آیا ہے اور ہوتا رہے گا یہاں تک کہ کمزور حکومتیں بھی ایک طاقتور حکومت کو مدد کے لئے پکارتی اور بلاتی ہیں۔ لیکن اصل طاقتور اللہ تعالیٰ ہی کی ذات ہے اس سے بڑھ کر کوئی بھی طاقتور نہیں۔ جب انسان مشکل میں گھر جاتا ہے یا بیمار ہو جاتا ہے تو بعض دفعہ لاشعوری طور پر اس کے منہ سے نکل جاتا ہے۔ ''ہائے اللہ'' ''یا اللہ'' ''یا اللہ میری مدد کر'' گویا کہ وہ ایک ایسی ہستی کو مدد کے لئے بلا رہا ہے۔ جو بہت طاقتور ہے اور جس کو وہ طاقتور تسلیم کر رہا ہے اور جو اس کی مدد بھی کر سکتی ہے اور وہ ہستی اس کی مدد کرتی بھی ہے۔ اگر بیمار ہے تو صحت عطا کرتی ہے۔ اگر غریب ہے تو رزق میں کشائش پیدا کرتی ہے۔ اگر صحیح راستہ سے بھٹکا ہوا ہے تو صحیح راستہ کی راہنمائی کرتی ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کو مدد کے لئے پکارنا دعا کی شکل میں ڈھل جاتا ہے۔ جس میں انکساری۔ فروتنی اور عاجزی لازمی جزو ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ مجھے پکارو، میں تمہاری دعا کو سنوں گا۔

خدا تعالیٰ کے مرسلین اللہ تعالیٰ کی سب سے زیادہ مدد کے طالب ہوتے ہیں اس لئے کہ ان کی بعثت کے ساتھ ہی ان کی مخالفت شروع ہو جاتی ہے۔ لیکن وہ ہستی جو سب سے طاقتور ہستی ہے اور جس نے ان کو بھیجا ہوتا ہے اسی کو وہ مدد کے لئے پکار رہے ہوتے ہیں جس کے نتیجہ میں وہی ہستی ان کی مدد کرتی ہے اور ان کو ہر لحاظ سے کامیاب و کامران کرتی ہے جس کو دنیا آج تک دیکھتی اور سنتی آئی ہے۔

پس سب سے زیادہ دعائیں خدا تعالیٰ کے مامور ہی کرتے ہیں اور اپنی قوم کو دعائیں کرنے کی تلقین بھی کرتے رہتے ہیں اور ان کی سب سے زیادہ دعائیں قبول بھی ہوتی ہیں۔ اس طرح وہ ایک ایسی ہستی کا پتہ دیتی ہیں۔ جو بہت طاقتور اور بہت سی صفات کی حامل ہستی ہے اور وہ خدا تعالیٰ ہی کی ہستی ہے۔ پس دعا تو انسان خواہ کسی مذہب و ملت کا ہو وہ خدا تعالیٰ ہی سے کرتا ہے۔ خصوصاً جب مشکل میں گھرا ہوا ہو۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔

اور اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں جو آسمانوں اور زمین میں ہیں خواہ مرضی سے کریں خواہ مجبوری سے اور ان کے سائے بھی صبح کو بھی اور شاموں (کے اوقات) میں بھی۔

(سورۃ رعد آیت:16)

پس جب انسان کو کوئی تکلیف چھوتی ہے تو ہمیں پکارتا ہے پھر جب ہم اسے اپنی طرف سے کوئی نعمت عطا کرتے ہیں تو وہ کہتا ہے کہ یہ میں محض ایک علم کی بنا پر دیا گیا ہوں۔ حقیقت میں یہ تو ایک بڑا فتنہ ہے لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔

(سورۃ زمر آیت:50)

اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں تو وہ منہ موڑ لیتا ہے اور کنارہ کشی کرتے ہوئے دور ہٹ جاتا ہے اور جب اسے شر پہنچے تو لمبی چوڑی دعا کرنے والا ہو جاتا ہے۔ (سورۃ حٰم سجدہ آیت:52)

چونکہ انبیاء خدا تعالیٰ کی طرف سے مامور ہوتے ہیں اور خدا تعالیٰ کو سب سے پیارے ہوتے ہیں۔ عسر و یسر میں خدا تعالیٰ پر ہی توکل کرتے ہیں اور اسی طرح رجوع کرتے ہیں اور دعائیں کرتے ہیں اور خدا تعالیٰ بھی ان کی زیادہ دعائیں سنتا اور ان کی مدد کرتا ہے تا وہ دنیا پر ظاہر کر دے کہ خدا تعالیٰ ہی طاقتور ہستی ہے اور کوئی بھی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا وہ ان کے ساتھ ہے۔ اس طرح وہ اپنا وجود بھی ثابت کرتا ہے خصوصاً ان لوگوں کے لئے جو اس پر ایمان نہیں رکھتے۔

خدا تعالیٰ اپنے نیک بندوں خصوصاً مامورین سے بہت پیار کرتا ہے ان کو کبھی بھی بے عزت اور بے یار و مددگار نہیں ہونے دیتا۔ ان کے مشن کو کامیاب کرتا ہے۔ کافروں کی دعا کو نہیں سنتا اور نہ ہی قبول کرتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

اور کافروں کی دعا گمراہی میں بھٹکنے کے سوا اور کچھ نہیں۔ (سورۃ رعد آیت:15)

بعض انبیاء کی دعائیں حسب ذیل ہیں جو قرآن کریم میں مذکور ہیں۔

اور نوح (کا بھی ذکر کر) جب قبل ازیں اس نے پکارا تو ہم نے اسے اس کی پکار کا جواب دیا اور اسے اور اس کے اہل کو ایک بڑی بے چینی سے نجات بخشی۔

(سورۃ انبیاء آیت:77)

پس ہم نے اس کی (یونسؑ کی) دعا قبول کر لی اور اسے غم سے نجات بخشی اور اسی طرح ہم ایمان لانے والوں کو نجات دیا کرتے ہیں۔ (سورۃ انبیاء آیت:89)

اور زکریا (کا بھی ذکر کر) جب اس نے اپنے رب کو پکارا کہ اے میرے رب! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب وارثوں سے بہتر ہے۔ (سورۃ انبیاء آیت:90)

خدا تعالیٰ تو اتنا پیار کرنے والا خدا ہے کہ معمولی سے ایمان والے کی دعا سنتا اور قبول کرتا ہے اور اس کی مدد کرتا ہے۔ بلکہ یہاں تک سنتا اور مدد کرتا ہے کہ ابھی اس نے دعا کا ارادہ ہی کیا ہے اور وہ دعا کرنے سے پہلے ہی قبول ہو گئی ہے۔

پس کوئی انسان بھی خدا سے دعا کے بغیر نہیں رہ سکتا۔ پکارتا اس کو ضرور ہے خواہ کسی رنگ میں یا کسی طرح پکارے۔ اس کی مدد اور نصرت کا طالب ضرور ہوتا ہے۔ خواہ وہ کسی مذہب و ملت سے تعلق رکھتا ہو۔ دوسرے لفظوں میں وہ نہ صرف ایک ارفع و اعلیٰ اور برتر ہستی کا اقرار کر رہا ہے بلکہ اس سے مدد کا بھی طالب ہے اور وہ جانتا ہے اس کی مدد کے بغیر میری مشکل حل نہیں ہو سکتی۔

سب سے زیادہ دعائیں اللہ تعالیٰ اپنے مامورین کی سنتا ہے۔ کیونکہ وہ اس کو سب سے زیادہ پیارے ہوتے ہیں اور ان کو قبولیت دعا کا نشان بطور صداقت، پیار کے دیا جاتا ہے اور ان کے بعد ان کے خلفاء کو اس ضمن میں حضرت مسیح موعود کیا خوب فرماتے ہیں۔

وہ اس کے ہو گئے ہیں اسی سے وہ جیتے ہیں
ہر دم اسی کے ہاتھ سے وہ جام پیتے ہیں
ان کو خدا نے غیروں سے بخشا ہے امتیاز
ان کے لئے نشاں کو دکھاتا ہے کارساز
جب دشمنوں کے ہاتھ سے وہ تنگ آتے ہیں
جب بدشعار لوگ انہیں کچھ ستاتے ہیں
جب ان کو مارنے کے لئے چال چلتے ہیں
جب ان سے جنگ کرنے کو باہر نکلتے ہیں
تب وہ خدائے پاک نشاں کو دکھاتا ہے
غیروں پہ اپنا رعب نشاں سے جماتا ہے
کہتا ہے یہ تو بندۂ عالی جناب ہے
مجھ سے لڑو اگر تمہیں لڑنے کی تاب ہے
اس ذات پاک سے جو کوئی دل لگاتا ہے
آخر وہ اس کے رحم کو ایسے ہی پاتا ہے

حضرت مسیح موعود نے بھی خدا تعالیٰ کے حضور بہت دعائیں کیں سب سے زیادہ دعائیں آپ نے دین حق کی اشاعت اور سربلندی کے لئے کیں اور پھر خدا تعالیٰ کی توحید کے قائم ہونے کے لئے اور بنی نوع انسان کے خدا تعالیٰ کا پیار اور اس کی محبت حاصل کرنے کے لئے کیونکہ زیادہ تر یہی کام آپ کے سپرد ہوا تھا۔ جیسا کہ آپ فرماتے ہیں۔

اس دیں کی شان و شوکت یا رب مجھے دکھا دے
سب جھوٹے دیں مٹا دے میری دعا یہی ہے

اے خدا تیرے لئے ہر ذرہ ہو میرا فدا
مجھ کو دکھلا دے بہارِ دیں کہ میں ہوں اشکبار
مجھ کو کیا ملکوں سے میرا ملک ہے سب سے جدا
مجھ کو کیا تاجوں سے میرا تاج ہے رضوان یار

سنو اب وقت توحید اتم ہے
ستم اب مائل ملک عدم ہے

حضرت مسیح موعود نے جہاں دین حق کی سربلندی۔ اشاعت اور خدا تعالیٰ کی توحید کے قیام اور دیگر دینی امور کے لئے بہت دعائیں کیں اور جن کو خدا تعالیٰ نے اپنے فضل سے شرف قبولیت بخشا اور جو بطور نشان کے ٹھہریں۔ وہاں آپ نے اپنی اولاد کے لئے بھی بہت دعائیں کیں جن کو بھی خدا تعالیٰ نے اپنے فضل سے شرف قبولیت بخشا اور جو بطور نشان کے ٹھہریں۔ کیونکہ آپ کی شدید خواہش تھی کہ آپ کی اولاد بھی وہی کام سرانجام دے جو آپ کے سپرد ہوئے ہیں۔

رسول کریم ﷺ نے فرمایا تھا۔ کہ مسیح موعود جب آئے گا تو وہ شادی کرے گا اور اس کے اولاد ہو گی'' شادی تو سب کرتے ہیں اور اولاد بھی ہو جاتی ہے۔ لیکن آپ کے بارہ میں خصوصاً یہ کیوں فرمایا گیا تھا۔ اصل وجہ یہ تھی کہ رسول کریم ﷺ کا یہ فرمانا کہ ''مسیح موعود شادی کرے گا اور اس کی اولاد ہو گی'' کا مطلب یہ تھا کہ اولاد کثرت سے ہو گی۔ خدا سے پیار کرنے والی ہو گی اور سب سے بڑھ کر خادم دین ہو گی اور وہی کام سرانجام دے گی جو حضرت مسیح موعود کے ذمہ ہو گا۔ اس مقصد کے حصول کے لئے جہاں آپ نے اللہ تعالیٰ کے بے پناہ فضلوں کو یاد کیا۔ شکر کیا۔ وہاں آپ نے بہت دعائیں بھی کیں۔ جیسا کہ درج ذیل اشعار سے ظاہر ہے۔

خدایا تیرے فضلوں کو کروں یاد
بشارت تو نے دی اور پھر یہ اولاد
کہا ہرگز نہیں ہوں گے یہ برباد
بڑھیں گے جیسے باغوں میں ہوں شمشاد
دیے ہیں تو نے مجھ کو چار فرزند
اگرچہ مجھ کو بس تجھ سے ہے پیوند
بنا ان کو نیکو کار و خردمند
کرم سے ان پہ کر راہ بدی بند
ہدایت کر انہیں میرے خداوند
کہ بے توفیق کام آوے نہ کچھ پند
تو خود کر پرورش اے میرے اخوند
وہ تیرے ہیں ہماری عمر تا چند

پھر آپ انتہائی عاجزی اور انکساری سے اپنے پیارے مولا کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

مرے مولا میری یہ اک دعا ہے
تری درگاہ میں عجز و بکا ہے
وہ دے مجھ کو جو اس دل میں بھرا ہے

زباں چلتی نہیں شرم و حیا ہے
مری اولاد جو تیری عطا ہے
ہر اک کو دیکھ لوں وہ پارسا ہے
تری قدرت کے آگے روک کیا ہے
وہ سب دے ان کو جو مجھ کو دیا ہے
نجات ان کو عطا کر گندگی سے
برات ان کو عطا کر بندگی سے
رہیں خوشحال فرخندگی سے
بچانا اے خدا! بد زندگی سے
عیاں کر ان کی پیشانی پہ اقبال
نہ آوے ان کے گھر تک رعب دجال
بچانا ان کو ہر غم سے بہرحال
نہ ہوں وہ دکھ میں اور رنجوں میں پامال
دعا کرتا ہوں اے میرے یار یگانہ
نہ آوے ان پہ رنجوں کا زمانہ
نہ چھوڑیں وہ ترا یہ آستانہ
مرے مولا انہیں ہر دم بچانا
نہ دیکھیں وہ زمانہ بے کسی کا
مصیبت کا الم کا۔ بے بسی کا
یہ ہو میں دیکھ لوں تقویٰ سبھی کا
جب آوے وقت میری واپسی کا

دعائیں تو ہر باپ اپنی اولاد کے لئے کرتا ہے لیکن یہ وہ دعائیں ہیں جن کی شان ہی کچھ اور ہے اور جن کی نظیر نہیں ملتی اور نہ ملے گی جو آپ نے اپنی اولاد کے لئے کیں اور وہ کتنا بے نظیر ہے جو قبول کرنے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے چلہ کشی کے نتیجہ میں آپ کو ایک عظیم الشان بیٹے کی بشارت دی جو کم وبیش 52 صفات کا حامل ہوگا۔ خلیفۃ اللہ ہوگا۔ مصلح موعود ہوگا۔ جس کے بارہ میں گزشتہ زمانہ میں بھی پیشگوئیاں پائی جاتی ہیں۔ اس لئے آپ فرماتے ہیں۔

آ رہی ہے اب تو خوشبو میرے یوسف کی مجھے
گو کہو دیوانہ میں کرتا ہوں اس کا انتظار

یوسف کی تشریح یوں فرماتے ہیں ”صادق المحبت انساں جو سچی محبت خدا تعالیٰ سے رکھتا ہے۔ وہ یوسف ہے“۔

(براہین احمدیہ حصہ پنجم۔ روحانی خزائن جلد 21 ص 223)

پھر فرماتے ہیں اپنے پیارے بیٹے کے بارے میں۔

لخت جگر ہے میرا محمود بندا تیرا
دے اس کو عمر و دولت کر دور ہر اندھیرا
دن ہوں مرادوں والے پُر نور ہو سویرا
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
اس کے ہیں دو برادر ان کو بھی رکھیو خوشتر
تیرا بشیر احمد تیرا شریف اصغر
کر فضل سب پہ یکسر رحمت سے کر معطر
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی
یہ تینوں تیرے بندے رکھیو نہ ان کو گندے
کر ان سے دور یا رب دنیا کے سارے پھندے
چنگے رہیں ہمیشہ کر یو نہ ان کو مندے
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

جماعت اس امر سے بکلی واقف ہے کہ حضرت مسیح موعود کی پیشگوئی سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی کے وجود کے ذریعہ سے پوری ہوئی اور آپ خدائی پیشگوئی کے مطابق مصلح موعود اور خلیفۃ المسیح کے عظیم مقام پر متمکن ہو کر 52 سالہ دور خلافت کا عرصہ گزار کر بہت سے فتنوں کا مقابلہ کرتے اور دین حق کی اشاعت کرتے ہوئے خدا تعالیٰ کے حضور حاضر ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ جنت الفردوس میں آپ کو اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ہمیشہ ہی آپ کے درجات بلند فرماتے رہے اور اپنی رحمتوں اور برکتوں سے نوازتا رہے۔ آمین

آپ نے حضرت مسیح موعود کی وفات پر آپ کے سرہانے کھڑے ہو کر یہ عہد کیا تھا کہ اگر ساری دنیا بھی آپ سے منہ موڑ جائے تو میں اکیلا ہی آپ کے مشن کو آگے بڑھاؤں گا جس کو آپ نے قولاً و فعلاً سچ کر دکھایا۔ اس ضمن میں آپ نے اپنی تمام اولاد کو کم وبیش دین کے راستہ میں وقف کر دیا اور دینی خدمت میں لگا دیا اور اپنی بیگمات کو بھی۔ یہ حضرت مسیح موعود کی دعاؤں کے طفیل ہے اور آپ کی دعاؤں کی قبولیت کا نشان ہے۔

وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ کے زیر اہتمام

خلافت احمدیہ جوبلی سیمینار اور تقریب تقسیم انعامات

خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے موقع پر وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ کے قیام کو 10 سال کا عرصہ ہو چکا ہے۔ خلافت جوبلی اور اس کے قیام کو 10 سال پورے ہونے پر مورخہ 17 جولائی 2008ء کو بیت نصرت دارالرحمت وسطی میں خلافت جوبلی سیمینار اور تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی۔ مرد حضرات کے لئے بیت کے ہال میں اور خواتین کے لئے اس سے ملحق لجنہ ہال میں انتظام کیا گیا تھا۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی مکرم ڈاکٹر عبدالخالق خالد صاحب قائمقام صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ تھے۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم اور نظم سے ہوا۔ اس سیمینار کے خصوصی مقرر مکرم عبدالسمیع خان صاحب ایڈیٹر روزنامہ الفضل تھے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں دنیا میں بولی جانے والی زبانیں سیکھنے کی اہمیت وضرورت پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا جماعت کے زبانیں سکھانے کا مقصد قرآن کریم کی تعلیمات پھیلانا اور دین حق کا پیغام دنیا کے مختلف خطوں میں پہنچانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 2008ء کو اقوام متحدہ نے لسانیات یعنی زبانیں سیکھنے کا سال قرار دیا ہے، انہوں نے اعداد وشمار اور حالات وواقعات کے تناظر میں مزید دلچسپ معلومات سے آگاہ کیا۔

مکرم فخر الحق شمس صاحب انچارج وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ نے تعارف انسٹیٹیوٹ اور رپورٹ پیش کی۔ انہوں نے انسٹیٹیوٹ کا تعارف کراتے ہوئے بتایا کہ اس کا افتتاح محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید نے آج سے 10 سال اور 4 ماہ پہلے مورخہ 11 مارچ 1998ء کو کیا زبانیں سکھانے کے اس باقاعدہ اور منظم ادارہ میں ابتدائی طور پر چار زبانیں عربی، ڈچ، چائینز اور فرنچ سکھانے کا انتظام کیا گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ اس ادارے کے قیام کا پس منظر یہ تھا کہ ربوہ میں واقفین نو وواقفات نو کی زیادہ تعداد مقیم ہے، بلاشبہ یہ بچے دین حق کا ہراول دستہ ہیں اور ان کا رابطہ دنیا بھر کے ممالک سے ہونا ہے اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ارشاد فرمایا کہ ہر واقف نو بچہ اردو، عربی اور ایک بین الاقوامی زبان سیکھے، چنانچہ حضور کا ہی ارشاد اس ادارے کے وجود میں آنے کا باعث بنا۔

انہوں نے بتایا کہ اس کے قیام کے لئے حضرت صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ (جو اس وقت ناظر اعلیٰ وامیر مقامی تھے) محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید، محترم سید میر قمر سلیمان احمد صاحب وکیل وقف نو، اور محترم صاحبزادہ مرزا غلام قادر صاحب شہید سیکرٹری وقف نو ربوہ نے بہت محنت سے اس انسٹیٹیوٹ کے قیام کو ممکن بنایا۔ اس کے پہلے نگران مکرم راجہ فاضل احمد صاحب اور ان کے بعد مکرم عبدالحلیم احمد صاحب مربی سلسلہ نگران مقرر کئے گئے، انہوں نے بتایا کہ خاکسار کو اس کی خدمت کا موقع اکتوبر 2007ء سے مل رہا ہے۔ گزشتہ 10 سالوں میں اس ادارے میں عربی، انگریزی، فرنچ، جرمن، سپینش، چائینز، ڈچ اور بوسنین زبانوں کے کورسز پڑھائے جاتے رہے ہیں۔ جن میں سینکڑوں واقفین نو و واقفات نو نے زبانیں سیکھیں اور اس انسٹیٹیوٹ کا نام روشن کیا، خاص طور پر گرمیوں کی چھٹیوں میں سمر کلاسز (Summer Classes) کو بہت مقبولیت اور کامیابی حاصل ہوئی۔

انہوں نے بتایا خدا تعالیٰ کے فضل سے یہاں طلباء وطالبات کو زبان اس طرح سکھائی جاتی ہے جس طرح فطری طور پر بچہ زبان سیکھتا ہے۔ یہ انسٹیٹیوٹ دارالرحمت وسطی کی بیت نصرت سے ملحق قائم ہے۔ اس میں زیریں اور بالائی منزل پر 4 لینگویج رومز، وزیٹر لاؤنج جس میں دفتری امور انجام دیئے جاتے ہیں اور ایک کچن موجود ہے لینگویجز میں داخلہ لینے والے واقفین نو وواقفات کی زیادہ تعداد کی وجہ سے سال بھر میں 3-3 مہینے کے سیشنز میں مختلف زبانوں کے کورسز کو تقسیم کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انسٹیٹیوٹ میں آڈیو اور وڈیو سہولت موجود ہے جس کی مدد سے طلباء وطالبات کو لینگویج سکھانے میں مدد ملتی ہے۔ اس کو باقاعدہ اور باضابطہ ادارے کی شکل دی گئی ہے، داخل خارج رجسٹر پر اندراجات کئے گئے ہیں، طلبہ سے باقاعدہ رجسٹریشن فارم پُر کروایا جاتا ہے جس پر والد/سرپرست اور صدر حلقہ کی تصدیق کروائی جاتی ہے۔

بچوں اور بچیوں کی کلاسز کو مندرجہ ذیل الگ الگ چھ لیولز میں تقسیم کیا گیا ہے۔

☆لیول 1/Kids (پرائمری تا مڈل)
☆لیول 2/Kids (مڈل تا میٹرک)
☆لیول 2/Girls (میٹرک تا بی اے)
☆لیول 2/Boys (میٹرک تا بی اے)
☆لیول 3/Girls (ایڈوانس کلاس)
☆لیول 3/Boys (ایڈوانس کلاس)

انہوں نے بتایا انسٹیٹیوٹ میں خاکسار کے ساتھ رضاکار حضرات کی ایک ٹیم خدمات سرانجام دے رہی ہے، جس میں مرد اساتذہ اور انتظامیہ کے علاوہ انگریزی زبان کی 5 کوالیفائیڈ لیڈی ٹیچرز بھی خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ یہاں کے طریق تدریس کے نتیجہ میں طلبہ کافی حد تک زبان کی بول چال اور کسی حد تک لکھنے کے قابل ہو جاتے ہیں اور زبان سیکھنے کی افادیت سے آگاہی حاصل کرتے ہیں اور یہیں سے ان کی زبان پڑھنے، لکھنے اور ترجمہ کرنے کی مہارت حاصل کرنے کی بنیادیں استوار ہوں گی انشاء اللہ تعالیٰ اور یہ طلبہ دین حق کا پیغام دنیا کے چاروں کونوں تک پہنچانے کے قابل ہوں گے۔

رپورٹ میں مکرم فخر الحق شمس صاحب نے بتایا کہ اس وقت فروری تا جون کے سیشنز میں منعقد ہونے والی عربی، انگریزی اور جرمن زبانوں کی 7 کلاسز کے 108 طلباء وطالبات کو انعامات واسناد دی جائیں گی۔ بعد ازاں خواتین کے حصہ میں مکرمہ امتہ النصیر قریشی صاحبہ قائمقام صدر لجنہ اماء اللہ پاکستان نے طالبات و لیڈی ٹیچرز میں انعامات تقسیم کئے اور مرد حضرات کے حصہ میں مہمان خصوصی مکرم ڈاکٹر عبدالخالق خالد صاحب نے طلباء ومرد اساتذہ میں انعامات تقسیم کئے۔ محترم مہمان خصوصی نے اپنے اختتامی خطاب میں طالبات کے زیادہ انعامات لینے پر خوشنودی کا اظہار کیا اور طلباء کو آگے آنے کی ترغیب دی نیز انہوں نے اپنے خطاب میں خلافت کے حوالے سے بھی بعض اہم امور اور تحریک وقف نو کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ بعدہٗ مکرم صفدر نذیر گولیکی صاحب سیکرٹری وقف نو ربوہ نے جملہ خواتین وحضرات، مہمانان اور طلباء و طالبات کا شکریہ ادا کیا۔ دعا کے ساتھ یہ تقریب اختتام کو پہنچی۔ مہمانان کو انسٹیٹیوٹ میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

مکرم طارق احمد صاحب بٹ

جدید چین کے بانی اور معمار

ماؤزے تنگ

عوامی جمہوریہ چین کے انقلابی رہنما چیئرمین ماؤزے تنگ نے نصف صدی تک چینی عوام اور عالمی کمیونسٹ تحریک کی قیادت کی۔ وہ جدید کمیونسٹ تحریک کے بانی اور چینی قوم کے سب سے بڑے رہنما اور عوامی جمہوریہ چین کی حکومت کے سربراہ تھے۔ انہوں نے مارکس اور لینن کے افکار پر مبنی ایک کمیونسٹ حکومت ہی قائم نہیں کی بلکہ ان کے خیالات و افکار کو عملی طور پر بروئے کار لائے۔

ایک موقعہ پر تقریر کرتے ہوئے چیئرمین ماؤ نے کہا تھا:

’’اس وقت چین کی آبادی 70 کروڑ ہے اور محنت کش طبقہ اس آبادی پر پوری طرح غالب ہے۔ اس لئے یہی اصل قائد و رہنما ہے اور اس طبقہ کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر قسم کے استحصال کا خاتمہ کرے اور کسی بھی روک کو ہٹانے کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہئے۔‘‘

انہوں نے ایک موقعہ پر عوام کو جو پیغام دیا اور جسے اب ’’سرخ کتاب‘‘ میں بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ یہ ہے کہ

’’سخت محنت کرو، پارٹی اور عوام کے وفادار رہو، کامیابی قدم چومے گی۔‘‘

خود ماؤ کی زندگی سخت جدوجہد اور ان تھک محنت کرتے گزری انہیں جو عظمت حاصل ہوئی اور انہوں نے اپنی قوم کو عظمت اور بلندیوں کی جن منزلوں سے روشناس کرایا اس کی بنیاد محض پروپیگنڈا نہیں بلکہ اس کی عملی شکل ایک عظیم ملک چین کی شکل میں دنیا کے سامنے ہے۔ انہوں نے قوم کے سامنے خود ایک نمونہ کے طور پر پیش کیا۔ انہوں نے چینی عوام سے کہا:

’’دنیا ترقی کر رہی ہے، مستقبل روشن ہے اور کوئی بھی تاریخ کے اس عام رجحان کو نہیں بدل سکتا۔ ہمیں عوام میں عالمی ترقی کے حقائق اور روشن مستقبل کی تبلیغ کرتے رہنا چاہئے۔‘‘ ایک اور موقع پر چینی عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔

’’کسی شخص کے لئے تھوڑا سا اچھا کام کر لینا مشکل نہیں ہوتا۔ جو چیز مشکل ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ تمام عمر اچھا کام کرتے رہنا اور کبھی کوئی برا کام نہ کرنا۔ عوام، نوجوانوں اور انقلاب کے مفادات کے لئے مستقلاً کام کرتے رہنا اور سالہا سال تک کٹھن جدوجہد جاری رکھنا۔ یہ ہے سب سے زیادہ مشکل کام۔‘‘

ماؤزے تنگ چینی صوبہ ’’ہنان‘‘ کے ایک گاؤں شاؤشان میں 22 دسمبر 1893ء کو ایک غریب کسان کے ہاں پیدا ہوئے۔ ان کے دو بھائی اور ایک بہن تھی۔ یہ سب انقلابی بنے اور انہوں نے مادر وطن کے لئے قربانیاں دیں۔

ماؤ بچپن ہی سے بڑے نڈر اور بیباک تھے اور مطالعہ کا بے حد شوق تھا۔ پانچ سال کی عمر سے وہ اپنے باپ کے ساتھ کھیتوں میں کام کرنے لگے۔ 1911ء میں جبکہ وہ طالب علم تھے، انہوں نے ڈاکٹر سن یات سین کی حمایت میں ایک مضمون لکھ کر اپنے سکول کی دیوار پر چپکا دیا۔ اس میں انہوں نے ڈاکٹر سن یات کی نگرانی میں چلنے والے انقلابی تحریک کی حمایت کی تھی اور کہا تھا کہ۔

’’چین میں بادشاہت ختم ہونی چاہئے اور ڈاکٹر سن یات سین کی سرکردگی میں جمہوری حکومت قائم ہونی چاہئے۔‘‘

اکتوبر 1911ء میں چانگشیا کی انقلابی فوج میں داخل ہو گئے۔ چھ ماہ کی اس ملازمت کے دوران انہوں نے بڑی مشقت اور لگن سے کام کیا۔ ان کا کام بالٹیوں سے پانی بھرنا، کھانا پکانا اور ڈرل کرنا تھا۔ ان کی تنخواہ تقریباً بیس روپے تھی جو وہ اخبارات اور رسائل خریدنے میں صرف کر دیتے تھے۔ 1913ء میں ماؤ نے ایک ٹیچرز ٹریننگ سکول میں داخلہ لیا۔ اس سکول میں پانچ سال تک تربیت کے دوران انہوں نے اپنے مضامین سے بہت متاثر کیا۔ 1916ء میں جمہوریہ چین کے صدر یوآن کے انتقال کے بعد صوبائی سرداروں نے اپنی اپنی حکومتیں مستحکم کر لیں۔ ماؤ اپنے سکول میں مطالعہ میں مصروف رہے۔ اسی دوران ایک دلچسپ واقعہ پیش آیا۔ ان کے صوبے کے ایک سردار ’’فولیا تنگ چھو‘‘ نامی نے کوانگسی فوجوں کے ہاتھوں مار کھا کر باقی ماندہ فوج کے ساتھ اس سکول کی عمارت میں پناہ لی جہاں ماؤ اور ان کے ساتھ مقیم تھے۔ ماؤ نے اپنے ساتھیوں کو ساتھ لیا اور قریبی تھانے پہنچ گئے اور وہاں سے بندوقیں اور دیگر سامان لے کر رات کے وقت سکول کی عمارت پر حملہ کر دیا اور ان بھگوڑے فوجیوں کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کر دیا۔ اس وقت ماؤ کی عمر 22 سال تھی۔

ماؤ نے ایک انجمن اصلاح معاشرہ کے نام سے بنا رکھی تھی جس کے وہ خود سیکرٹری تھے۔ اس انجمن کے تحت ماؤ ایک سکول بھی چلایا کرتے تھے۔ 1918ء میں ماؤ نے تربیتی سکول چھوڑا۔ 1918ء میں اپنی تعلیم جاری رکھتے ہوئے ماؤ نے لائبریری اسسٹنٹ کی حیثیت سے ملازمت اختیار کر لی۔ 1919ء میں ماؤ نے چانگشیا کے پرائمری سکول میں ملازمت کی۔ اس وقت چین میں تو سیویانگ چھانگ چی، کی قیادت میں کنفیوشس کے خلاف تحریک شروع ہو چکی تھی۔ ماؤ نے دس دس کے گروہ بنانے شروع کر دیئے۔ انہوں نے کوئی ایسے چار سو گروہ تیار کئے اور وہ خود اس کی مجلس عاملہ کے رکن منتخب ہوئے۔ 1919ء میں ماؤ کی ادارت میں ’’دریائے سیانگ‘‘ کے نام سے ایک ہفتہ وار جاری جریدہ نکلا، جو پانچ شماروں کے بعد بند کر دیا گیا۔ تاہم طالب علموں کی انجمن نے انہیں ’’نیا نیان‘‘ نامی ایک اور پرچہ کی ادارت سونپ دی۔ لیکن تین شمارے نکلنے کے بعد یہ بھی بند ہو گیا۔ اس کے بعد ماؤ نے ایک حلقہ مباحثہ ترتیب دیا۔

فروری 1920ء میں ماؤ دوبارہ بیجنگ گئے اور اسی سال اپریل میں وہ شنگھائی گئے جہاں انہوں نے کوئی چار ماہ تک دھوبی کا کام کیا اور جولائی میں وہ پھر چانگشیا واپس آ گئے۔ اس موقع پر انہوں نے ’’انجمن تعمیر نہان‘‘ کے نام سے ایک اعلان شائع کیا جس میں فوجی گونر کا عہدہ ختم کرنے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ ستمبر 1920ء میں ماؤ کو ان کے دوست ’’چھائے ہوسین‘‘ نے فرانس سے ایک خط لکھا جس میں کمیونسٹ پارٹی کی داغ بیل ڈالنے کی ترغیب دی گئی تھی۔ انہوں نے اسی وقت جدوجہد شروع کر دی ’’کلچر بک شاپ‘‘ کے نام سے کئی دکانیں قائم کیں، جن کی آمدنی کمیونسٹ پارٹی کو دی جاتی تھی۔

یکم جولائی 1921 کو شنگھائی میں کمیونسٹ پارٹی کا باقاعدہ اجلاس ہوا۔ ماؤ اس میں صوبہ نہان کے نمائندہ کے طور پر شریک ہوئے اور اجلاس کے سیکرٹری منتخب ہوئے۔ ماؤ نے محنت کش طبقہ کو اپنے ساتھ ملانے کے لئے 1921ء میں چانگشیا میں ایک تدریسی کالج قائم کیا۔ ایک رسالہ بھی نکالا گیا جس میں جنگی اور سامراجی سرداروں کے خلاف مواد شائع ہوتا تھا۔

1923ء میں کمیونسٹ پارٹی اور کومنتانگ میں جنگی سرداروں کے خلاف اور جمہوریت کے نفاذ کے لئے ایک سمجھوتہ ہو گیا۔ ماؤ کو اس متحدہ محاذ کی مرکزی کمیٹی کا پروپیگنڈہ سیکرٹری منتخب کیا گیا۔ 1925ء میں ماؤ سخت بیمار پڑ گئے اور انہیں نہان واپس جانا پڑا۔ وہاں سے ماؤ کینٹن گئے۔ جہاں انہیں ایک تربیتی کالج کا نگران مقرر کیا گیا، جس کا کام کسان تحریک کے رہنماؤں کو تربیت دینا تھا۔ ماؤ کے دوست چواین لائی یہاں کومنتانگ کی فوج اول کے سیاسی سربراہ تھے۔

1926ء میں چیانگ کائی شیک نے مرکز میں حکومت کا تختہ الٹ دیا اور اقتدار پر قبضہ کر لیا۔ ادھر ماؤ اسی سال کمیونسٹ پارٹی شعبۂ کسان کے سربراہ مقرر ہوئے۔ ان کی قیادت میں 1926ء تک ایک کروڑ کسان منظم ہو چکے تھے۔ اسی عرصہ کے دوران بڑے بڑے انقلابات آئے۔ تمام زمینداروں کی زمینیں ضبط کی گئیں بہت سے سماج دشمن عناصر کو موت کے گھاٹ اتارا گیا۔

1927ء میں ماؤ نے اپنا مشہور مقالہ لکھا جس میں انہوں نے مارکس اور لینن تھیوری میں نظریاتی اضافے تجویز کئے۔ اسی سال شنگھائی میں قتل عام ہوا اور 13 جولائی کو کمیونسٹ پارٹی پر پابندی لگا دی گئی۔ ادھر ماؤ نے ایک ہزار رضاکاروں پر مشتمل مزدور کسان انقلابی فوج تیار کی۔ کومنتانگ نے ان کی گرفتاری کا حکم جاری کیا لیکن اس حکم کی تعمیل نہ ہو سکی۔

1927ء میں ’’چیانگ کائی شیک‘‘ نے جاپان سے ایک معاہدہ کیا جس کے تحت جاپان طاقت کے ذریعہ چین کو متحدہ کرنے کے لئے مدد دینے کا پابند تھا۔ جاپان کو اس خدمت کے عوض منچوریا کا علاقہ دینے کا معاہدہ بھی طے پایا۔ اسی سال چیانگ کائی شیک نے عیسائی مذہب قبول کر لیا۔ ادھر ماؤ نے 1929ء میں جنوبی کیانگسی میں اپنے اڈے کو وسعت دی۔ جون 1930ء میں کالعدم کمیونسٹ پارٹی کے پولیٹ بیورو نے مسلح بغاوت کا حکم دیا۔ زبردست جنگ ہوئی۔ بے شمار لوگ ہلاک ہوئے۔ بالآخر ماؤ کے حکم سے جنگ بند ہوئی۔ ایسی تین جنگیں ہوئیں جو محاصرہ اول، دوم اور سوم کے نام سے مشہور ہیں۔ 1931ء میں تمام آزاد سوویتوں کی ایک کل چین کانفرنس ہوئی جس میں سوویٹ جمہوریہ کا باضابطہ آئین منظور ہوا۔ ماؤ اس کے چیئرمین منتخب ہوئے۔

1933ء میں ہولناک جنگ ہوئی جو چوتھے محاصرہ کے نام سے مشہور ہے۔ اس میں ’’چیانگ کائی شیک‘‘ کی پانچ لاکھ فوج نے حصہ لیا۔ چیانگ چو کے مقام پر ماؤ کی فوج نے اس فوج کے پرخچے اڑا دیئے۔ چیانگ کائی شیک نے اس شکست کا بدلہ لینے کے لئے سرخ فوج پر بھرپور حملہ کیا۔ ماؤ کی فوج بڑی بے جگری سے لڑی۔ لیکن تعداد اور جنگی تکنیک کے اعتبار سے بہتر فوج کے آگے انہیں بیشتر مقامات پر شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ اس وقت ماؤ کو شدید بخار تھا۔ لیکن انہوں نے حکمت عملی کے طور پر شمال مشرق کریچو کی طرف کوچ کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس طرح تاریخ کے سب سے بڑے لانگ مارچ کا آغاز ہوا۔ یہ لانگ مارچ 16/اکتوبر 1934ء سے شروع ہو کر اکتوبر 1935ء میں ختم ہوا۔

برف پوش کوہساروں، دریاؤں، دلدلوں اور لق دق صحراؤں کی ساڑھے بارہ ہزار کلومیٹر طویل مسافت طے کر کے جب یہ فوج اپنی منزل کے قریب پہنچی تو تین لاکھ میں سے صرف تیس ہزار فوج باقی بچی تھی۔ ہر شخص راستے کی مشکلات اور طویل سفر سے نڈھال اور نیم جان تھا مگر ماؤزے تنگ نے نہ صرف اپنا حوصلہ بلند رکھا بلکہ اپنے ساتھیوں کے حوصلے بھی بلند کئے۔ اس وقت انہیں ہر قیمت پر ’’دیوار عظیم‘‘ پر پہنچنا تھا۔ اس مارچ کے دوران ماؤ نے ’’کوہ لیوپان‘‘ کے نام سے جو نظم کہی اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ کس قدر بلند ہمت انسان تھے۔ اس نظم میں انہوں نے کہا:

آسمان بلند ہے، بادل زرد ہیں

ہم دیکھ رہے ہیں کہ جنگلی راج ہنس
مشرق کی جانب غائب ہوتے جا رہے ہیں
اگر دیوار عظیم تک پہنچنے میں ناکام رہے تو
ہم وہ انسان نہیں ہو سکتے
جواب تک بیس ہزار لی کا طویل سفر
طے کر چکے ہیں سرخ پرچم تیز ہوا میں
آزادی کے ساتھ لہرا رہے ہیں
آج ہمارے ساتھیوں میں وہ مضبوط
لمبی ڈوری ہے، ہم اس بھورے
اژد ہے (کوہ لیو پان) کو اس سے
تسخیر کر سکتے ہیں۔''

انتہائی مشکل حالات میں انہوں نے ایسی ہی کئی اورانقلابی نظمیں کہیں۔

لانگ مارچ کے اختتام پر گریجو پر قبضہ کے بعد وہاں پارٹی کی منگورزون کانفرنس ہوئی جس میں ماؤزے تنگ کو پھر پولیٹ بیورو کا چیئرمین منتخب کیا گیا۔ جولائی 1937ء میں جب جاپان نے چین پر حملہ کیا تو، انقلابی فوج اور کومنتانگ کے درمیان ایک سمجھوتہ ہوا جس کے تحت یہ طے پایا کہ دونوں جاپان کے خلاف مل کر اپنے ملک کا دفاع کریں گے۔ چیانگ کائی شیک کی طرف سے اس معاہدہ کی کئی بار خلاف ورزی کی گئی۔ تاہم سرخ فوج نے تنہا اس کا مقابلہ کیا۔ انہوں نے اپنے نظم وضبط، جفاکشی اور جذبۂ حب الوطنی کی بدولت 1945ء میں دس لاکھ مربع میل کا علاقہ اپنے زیرنگیں کرلیا۔ اس علاقے کی مجموعی آبادی دس کروڑ سے زائد تھی۔ اس جنگ میں ان کی کامیابی کا سبب چیئرمین ماؤ کا وہ قول تھا جو انہوں نے 1938ء میں چینی قوم کو دیا تھا۔

''ہتھیار جنگ میں اہم عنصر ہیں، لیکن فیصلہ کن عنصر نہیں۔ یہ انسان ہی ہے جو فیصلہ کن ہوتا ہے۔ چیزیں نہیں۔''

اگست 1945ء میں جاپان نے ہتھیار ڈال دیئے۔ چیانگ کائی شیک کی ہٹ دھرمی کے سبب ملک میں خانہ جنگی شروع ہوگئی اور اس کا یہ مقصد پورا نہ ہو سکا کہ عوامی فوج آزادی اس کی فوج میں ضم ہو جائے بالآخر اس نے اپنے زیر تسلط علاقہ (فارموسا) میں اپنی جداگانہ حکومت قائم کرلی۔

یکم اکتوبر 1949ء کو ماؤزے تنگ نے عوامی جمہوریہ چین کے قیام کا اعلان کر دیا جس میں فارموسا سمیت تمام سرزمین چین میں شامل تھی۔ ماؤزے تنگ اس کے پہلے چیئرمین منتخب ہوئے۔

ماؤزے تنگ کا انتقال 9 ستمبر 1976ء کو پیکنگ میں 83 سال کی عمر میں ہوا۔ نیو چائنا نیوز ایجنسی کے مطابق چیئرمین ماؤ کا ہر ممکن علاج کیا گیا لیکن وہ جانبر نہ ہوسکے۔ ان کی وفات پر یہ نہیں بتایا گیا کہ ان کو کیا بیماری تھی۔ لیکن ویانا کے ماہر اعصاب والٹر برک مائر نے پیکنگ میں دو ہفتہ تک قیام کرنے کے بعد کہا تھا کہ ہر شخص جانتا ہے کہ چیئرمین ماؤ کو اعصاب کے تناؤ کی بیماری ہے۔

ماؤزے تنگ کا شمار دنیا کی ان تاریخ ساز شخصیتوں میں ہوتا ہے جن کو اپنی قوم میں انقلاب برپا کرنے اور پھر اس انقلاب کو اس کے حقیقی نتائج تک پہنچانے کا موقع ملا۔ ماؤ نے اپنی زندگی کے پورے پچپن سال چینی عوام کو متحد کرنے، انہیں استعماری طاقتوں کے پنجے سے چھڑانے اور انہیں ایک مضبوط اور ناقابل تسخیر قوم بنانے میں صرف کر دیئے تھے۔ ماؤ کو اپنی زندگی ہی میں اپنی کوششوں کے عظیم ثمرات دیکھنے کا موقع مل گیا۔ وہ 1934ء کی تاریخی لانگ مارچ سے لے کر عظیم انقلاب تک ہر مرحلے پر چینی عوام کو انتہائی جرأت، ہمت اور تدبر کے ساتھ رہنمائی کرتے رہے۔ وہ ایک سیاسی لیڈر ہی نہیں بلکہ مفکر بھی تھے۔

عوامی جمہوریہ چین آبادی کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے، چین کے عوام جن کا ملک کبھی ایشیا کا مرد بیمار سمجھا جاتا تھا اور جو انتشار و پسماندگی کا شکار تھا۔ آج ترقی اور خوشحالی کے دور میں داخل ہو چکے ہیں۔ چین زندگی کے تقریباً ہر شعبہ میں خود کفیل ہو چکا ہے۔ اس طرح ماؤزے تنگ نے صرف چینی قوم ہی کی نہیں بلکہ ''انسانیت'' کی بہت بڑی خدمت کی ہے۔ انہوں نے اسی کروڑ کی ایک قوم کو مختصر عرصے میں انتشار اور پسماندگی کے کھنڈر سے نکال کر اخلاقی، سیاسی، معاشی اور فنی اعتبار سے ترقی کی بلندیوں پر پہنچا دیا اس کے ساتھ ساتھ ماؤ نے چینی عوام کو خبردار کیا کہ:۔

''اگر ہم اپنے کام میں زبردست کامیابی حاصل کرلیں تو بھی کوئی وجہ نہیں کہ ہم متکبر اور خود پسند ہو جائیں۔ انکساری سے آدمی کو آگے بڑھنے میں مدد ملتی ہے جبکہ غرور سے آدمی پیچھے رہ جاتا ہے۔ یہ ایسی صداقت ہے جسے ہمیشہ ذہن میں رکھنا چاہئے۔''

سراغ رسانی میں ٹاپ ٹین کارکردگی دکھانے والے کتوں کی نسلیں

یورپ میں اہم نسل کے کتوں کی ذہانت، قابلیت، حکم ماننے کی اہلیت، پھرتی اور مہارت کا جائزہ لیا گیا۔ اس سروے میں کتوں کی جو 10 نسلیں ٹاپ پر رہیں ان کی تفصیل یہ ہے۔

1. بارڈر کولی
2. پوڈل
3. جرمن شیفرڈ
4. گولڈن ری ٹریور
5. ڈابر مین پنشر
6. شیٹ لینڈ شیپ ڈاگ
7. لیبراڈور ری ٹریور
8. پاپی لون
9. روٹ ویلر
10. آسٹریلین کیپٹل ڈاگ

(روزنامہ جنگ سنڈے میگزین 25 فروری 2007ء)

تبصرہ

خلافت ۔ وقت کی ضرورت اور اس کے شیریں ثمرات

مؤلف: مکرم حنیف احمد محمود صاحب

تاریخ اشاعت: 27 مئی 2008ء

ضخامت: 186 صفحات

